پر ہیں۔ اس مجموعے کی خاص خوبی یہ ہے کہ مصنف نے حواشی تحریر کر کے مقالات کی اہمیت کو دوچند کر دیا ہے۔ کتاب میں اگرچہ حوالہ جات اور کتابت پر خاص توجہ دی گئی ہے' اس کے باوجود چند غلطیوں کی طرف توجہ مبذول کرانا بے جا نہ ہوگا۔ ص ۱۵ پر سورہ النّبا کی آیت درج کی گئی ہے: اِلَّا جَھِیْمًا وَّغَسَّاقًا، اصل میں اِلَّا حَمِیْمًا وَّغَسَّاقًا ہے۔ ص ۱۴ پر مولی کا مادہ 'دل ی' نہیں بلکہ 'ول ی' ہے۔ اسی طرح ص ۵۴ پر مشہور عرب شاعر کا نام 'فرزوق' نہیں، 'فرزدق' ہے' وغیرہ۔

علی محسن صدیقی کی تحقیق میں دِقّتِ نظری اور باریک بینی نمایاں ہے۔ وہ تاریخ پر گہری نظر رکھتے ہیں اور اُن کے مقالات خالصتاً علمی تحقیق (اکیڈمک ریسرچ) کا نمونہ ہیں۔ یہ مجموعہ ہماری علمی دنیا میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔ (محمد ایوب لِلّٰہ)

Ethnic Cleansing and Maiming [نسلی صفائی]' انور ایچ سید۔ ناشر: الرحمٰن پبلشر ٹرسٹ' [مقام اشاعت اور پتا درج نہیں] صفحات: ۵۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔

نسلی صفائی سے ذہن بوسنیا کی طرف جاتا ہے لیکن کتاب اٹھا کر دیکھیں تو یہ قصص القرآن کی کتاب ہے۔ حضرت آدمؑ، حضرت نوحؑ، قومِ عاد و ثمود' قومِ لوطؑ، حضرت شعیبؑ، حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰؑ اور بنی اسرائیل کے دیگر انبیا کے حالات ملتے ہیں۔ آغاز میں اللہ کے تصور پر بحث ہے' بدھ تصور' ہندو تصور وغیرہ' ۹۹ اسماے حسنہ پر اس کو ختم کیا گیا ہے۔ کتاب میں دوسری آسمانی کتب میں رسولؐ اللہ کا جو ذکر آیا ہے آخر میں اس کا حوالہ ہے۔ قصص کا بیان قرآن پر مبنی ہے اور بیشتر تفہیم القرآن سے لیا گیا ہے' مصنف نے اس کا حوالہ بھی دیا ہے۔ بنی اسرائیل کی تاریخ اور عیسائی عقائد پر تفصیل ملتی ہے۔ (م - س)

بیادِ رحیم بخش شاہین، مرتب: محمد وسیم انجم۔ ناشر: انجم پبلشرز' کمال آباد نمبر۳' راولپنڈی۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

ڈاکٹر رحیم بخش شاہین (۱۹۴۲ء-۱۹۹۸ء) اردو زبان و ادب کے معروف معلّم' ادیب' محقق اور اقبالیات کے متخصص تھے۔ شخصی اعتبار سے وہ ایک خوددار' درویش منش اور قناعت پسند